© rasailojaraid.com



# نقد و نظر

## اسلام اور موسیقی

تالیف : مولانا مفتی محمد شفیع مرحوم
شرح و تحقیق : مولانا محمد عبدالمعز
ناشر : مکتبہ دارالعلوم کراچی ۱۴

کاغذ، کتابت، طباعت، جلد شاندار۔ صفحات ۴۸۴، قیمت ۴۵ روپے۔

مولانا مفتی محمد شفیع مرحوم کی ذاتِ گرامی کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ وہ جلیل القدر عالم، نامور مصنف اور بہت بڑے مفتی تھے۔ تفسیر، حدیث، فقہ اور دیگر علومِ عربیہ میں ان کا مقام بڑا بلند تھا۔ ان کی تصنیفات میں زیرِ نظر کتاب — اسلام اور موسیقی — اپنے موضوع اور مواد کے اعتبار سے خاص اہمیت کی حامل ہے۔ یہ دراصل ان کی ایک مبسوط عربی تصنیف "احکام القرآن" کا جزء ہے، جو سورۂ لقمان کی ابتدائی آیات کی تفسیر سے متعلق ہے اور "کشف العناء عن وصف الغناء" کے نام سے موسوم ہے۔ ظاہر ہے اس سے وہی حضرات استفادہ کر سکتے تھے جو عربی سے واقف ہوتے اور احکام القرآن کا مطالعہ کرتے، اردو داں طبقہ اس سے فائدہ نہ اٹھا سکتا۔ مولانا عبدالمعز (رکن دارالتصنیف کراچی) نے اس کو اردو میں منتقل کیا اور اردو داں حضرات کے لیے اس سے مستفید ہونے کا موقع فراہم کیا۔ کتاب کے ترجمے کے ساتھ ساتھ انھوں نے ایک قابلِ قدر یہ خدمت انجام دی کہ متعدد مقامات پر تشریحی حواشی سپردِ قلم کیے، نامکمل حوالوں کی تکمیل کی، احادیث کی تخریج کی اور جرح و تعدیل کے نقطۂ نظر سے ان پر بحث کی۔ پھر کتاب کے موضوع سے متعلق بہت سے نئے دلائل کا اضافہ کیا اور موسیقی کی اباحت کے بارے میں جو دلائل دیے جاتے ہیں یا اس کے عدمِ جواز کے سلسلے میں جو اعتراض کیے جاتے ہیں، تقریباً ان سب کو پیشِ نظر رکھا اور تحقیق نے اس کو موضوعِ بحث ٹھہرایا ہے۔

حرمتِ موسیقی پر فاضل مصنف نے سب سے پہلے قرآن سے دلائل دیے ہیں، پھر احادیث

© rasailojaraid.com